روزنامہ نوائے وقت راولپنڈی/اسلام آباد (2) 13 جنوری 2026ء

کوہاٹ ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ

SAIF GROUP

اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ کوہاٹ ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ (کمپنی) کا غیر معمولی اجلاس عام (EOGM) بروز منگل، 03 فروری 2026 کو صبح 11:00 بجے، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر واقع اے پی ٹی ایم اے ہاؤس، جمرکال پایاں، جمرود روڈ، پشاور میں مندرجہ امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا:

عمومی امور:

1. کمپنی کے گزشتہ سالانہ اجلاس عام منعقدہ 24 اکتوبر 2025 کی کاروائی کی توثیق کرنا۔
2. کمپنی کے آٹھ (08) ڈائریکٹران کا تین سال کے لیے انتخاب کرنا، جن کی مدت 03 فروری 2026 سے شروع ہوگی، جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 159 کی دفعات کے مطابق مقرر کیا ہے۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹران کے نام درج ذیل ہیں:

1. جناب جاوید سیف اللہ خان	5. جناب آصف سیف اللہ خان
2. جناب انور سیف اللہ خان	6. رانا محمد شفیع
3. محترمہ حور یوسف زئی	7. جناب عبدالرحمٰن قریشی
4. جناب اسد سیف اللہ خان	8. سردار امین اللہ خان

- سبکدوش ہونے والے تمام ڈائریکٹران دوبارہ انتخاب کے اہل ہیں، ماسوائے جناب عبدالرحمٰن قریشی کے، جنہوں نے کمپنی کے بورڈ میں بطور آزاد ڈائریکٹر خدمات انجام دی ہیں اور کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 166 کی ذیلی دفعہ (2) کی شق (g) کے تحت اگلی مدت کے لیے نااہل ہیں۔ بورڈ نے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (1)159 کے مطابق آئندہ غیر معمولی اجلاس عام میں منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹران کی تعداد آٹھ (08) مقرر کی ہے۔
- کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 166 کی ذیلی دفعہ (3) کے تحت درکار بیان منسلک ہے۔

3. چیئرمین کی اجازت سے کوئی اور کاروبار زیر غور لانا۔

بحکم بورڈ
عمر شہزاد
کمپنی سیکریٹری

پشاور، 12 جنوری 2026

نوٹس:

1. کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 28 جنوری 2026 سے 03 فروری 2026 تک (بشمول دونوں تاریخیں) بند رہیں گی اور اس مدت کے دوران شیئرز کی کسی بھی منتقلی کو رجسٹریشن کے لیے قبول نہیں کیا جائے گا۔ وہ منتقلیاں جو کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ایچ ایم ہاؤس، 7-سپنک اسکوائر، لاہور کے دفتر میں 27 جنوری 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہو جائیں گی، انہیں اجلاس میں شرکت اور ووٹنگ کے مقصد کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔
2. کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن 11 کے مطابق، کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے میسرز شائن وِنگ حمید چیمہ بدری اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، جو کمپنی کے قانونی آڈیٹرز اور QCR ریٹیڈ آڈٹ فرم ہیں، کو اجلاس میں ڈائریکٹران کے انتخاب کے لیے کمپنی کا اسکروٹنائزر مقرر کیا ہے، نیز ریگولیشن 11A میں بیان کردہ دیگر ذمہ داریاں انجام دینے کے لیے بھی نامزد کیا ہے۔
3. کمپنی کا کوئی بھی رکن جو مذکورہ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ہو، وہ کمپنی کے کسی دوسرے رکن کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے تاکہ وہ ان کی جانب سے اجلاس میں شرکت، اظہار خیال اور ووٹ دیں۔ کوئی بھی رکن ایک سے زیادہ پراکسی مقرر کرنے کا مجاز نہیں ہوگا۔ پراکسی مقرر کرنے کا دستاویز درست طور پر مکمل اور دستخط شدہ ہونا لازمی ہے اور اس کے موثر کے لیے ضروری ہے کہ یہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر میں اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل موصول ہو جائیں۔

پراکسی مقرر کرنے والے رکن کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی مصدقہ نقل مذکورہ دستاویز کے ساتھ منسلک کرنا لازمی ہے۔ کوئی کمپنی یا کارپوریشن جو کمپنی کی رکن ہو، اپنے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد کے ذریعے اجلاس میں شرکت اور ووٹنگ کے لیے اپنا نمائندہ مقرر کر سکتی ہے۔ وہ اراکین جن کے شیئرز سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ میں جمع ہیں، انہیں مزید ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے سرکلر نمبر 11/2000 میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

اجلاس کے لیے قابلِ اطلاق پراکسی فارم اراکین کو بھیجے جانے والے نوٹس کے ساتھ فراہم کیا جا رہا ہے۔ مزید برآں، پراکسی فارم کی نقول کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے دفتری اوقات میں حاصل کی جا سکتی ہیں یا کمپنی کی ویب سائٹ www.kohattextile.com سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں۔

4. اراکین اور ان کے پراکسیز کو زوم ویڈیو لنک کے ذریعے الیکٹرانک ذرائع سے اجلاس میں شرکت کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ دلچسپی رکھنے والے اراکین سے درخواست ہے کہ وہ اپنی رجسٹرڈ ای میل ایڈریس سے درج ذیل مطلوبہ تفصیلات کمپنی سیکریٹری کو ارسال کر کے اپنی رجسٹریشن مکمل کریں، جو کہ 02 فروری 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام (شام 5:00 بجے) تک موصول ہو جائیں:

رکن کا نام	قومی شناختی کارڈ نمبر (CNIC)/قومی ٹیکس نمبر (NTN)	سی ڈی سی پارٹیسپنٹ آئی ڈی/فولیو نمبر	موبائل نمبر	رجسٹرڈ ای میل ایڈریس

جو اراکین ضروری تصدیق کے بعد رجسٹرڈ ہوں گے، کمپنی کی جانب سے انہیں زوم ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا۔ صرف وہی اراکین جن کے نام 02 فروری 2026 تک رجسٹر آف ممبرز میں درج ہوں گے، زوم ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے اہل ہوں گے۔

5. کوئی بھی رکن/نامزد شخص جو ڈائریکٹر کے عہدے کے لیے انتخاب میں حصہ لینا چاہیں، خواہ وہ سبکدوش ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی دیگر، ان کیلئے لازمی ہوگا کہ اجلاس کی تاریخ سے کم از کم چودہ (14) دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، اے پی ٹی ایم اے ہاؤس، جمرکال پایاں، جمرود روڈ، پشاور میں بطور ڈائریکٹر انتخاب کے لیے اپنی امیدواری کی تحریری اطلاع جمع کرائیں۔ انتخاب میں حصہ لینے کے لیے دی جانے والی درخواست/نامزدگی کے ساتھ درج ذیل دستاویزات منسلک ہونا لازمی ہیں:

الف۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 167 کے تحت مطلوبہ فارم 9 کے ضمیمہ پر بطور ڈائریکٹر خدمات انجام دینے کی باقاعدہ طور پر دستخط شدہ اور مکمل رضامندی۔ انتخاب میں حصہ لینے والا شخص، اپنی رضامندی جمع کراتے وقت کمپنی کا رکن ہونا لازمی ہے، سوائے اس صورت کے کہ وہ کسی ایسے رکن کی نمائندگی کر رہا ہو جو قدرتی شخص نہ ہو؛

ب۔ درست قومی شناختی کارڈ (CNIC)/پاسپورٹ اور قومی ٹیکس نمبر (NTN) سرٹیفکیٹ کی مصدقہ نقول؛

ج۔ دیگر ڈائریکٹرشپس اور عہدوں کی تفصیل؛

د۔ تفصیلی پروفائل بمعہ دفتری پتہ، تاکہ کمپنی کی ویب سائٹ پر شائع کیا جا سکے؛

ہ۔ دستخط شدہ اعلامیہ، جس میں اس بات کی تصدیق ہو کہ امیدوار لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کی شرائط اور کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 153 اور دیگر متعلقہ دفعات، نیز قابلِ اطلاق قوانین و ضوابط کے تحت بطور ڈائریکٹر اہلیت کے معیار پر پورا اترتا/اترتی ہے؛

و۔ آزاد ڈائریکٹران کا انتخاب کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشنز 159 اور 166 کے مطابق کیا جائے گا، اور انہیں سیکشن 166 اور کمپنیز (طریقہ کار اور آزاد ڈائریکٹران کے انتخاب) ریگولیشنز، 2018 کے تحت مقررہ معیار پر پورا اترنا ہوگا۔ آزاد ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کے لیے درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کرانا لازم ہوں گی۔

(i) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے ریگولیشن 6(3) کے تحت آزادی کا اعلامیہ؛ اور

(ii) نان جوڈیشل اسٹامپ پیپر پر حلف نامہ کہ امیدوار کمپنیز (طریقہ کار اور آزاد ڈائریکٹران کے انتخاب) ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن 4(1) کی تمام شرائط پر پورا اترتا/اترتی ہے۔

6. اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر پہلے فراہم نہیں کی گئی تو، ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق اپنے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی مصدقہ فوٹو کاپی جمع کرائیں۔

7. **پتے میں تبدیلی:**

اراکین سے گزارش ہے کہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی بروقت اطلاع دیں۔

8. **ای ووٹنگ/پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ:**

اگر ڈائریکٹر کے انتخاب کے لیے اپنی امیدواری پیش کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 159 کی ذیلی دفعہ (1) کے تحت مقررہ ڈائریکٹران کی تعداد سے زیادہ ہو جائے تو کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشنز 143 اور 144 کی شرائط کے تحت، کمپنی اپنے اراکین کو کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے مطابق ای ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کی سہولت فراہم کرے گی۔

9. کسی بھی سوال یا معلومات کے لیے اراکین اوپر درج کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر کے پتے پر کمپنی سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اراکین مزید معلومات/نوٹس کے لیے کمپنی کی ویب سائٹ www.kohattextile.com بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

10. کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2)132 کے مطابق، اگر اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن قبل کمپنی کو ایسے اراکین کی رضامندی موصول ہو جائے جو مجموعی طور پر کم از کم 10 فیصد شیئرز ہولڈنگ رکھتے ہوں اور کسی ایک جغرافیائی مقام پر مقیم ہوں، کہ وہ ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنا چاہتے ہیں، تو کمپنی اس شہر میں (اگر سہولت دستیاب ہو) ویڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرے گی۔ اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے براہِ کرم درج ذیل فارم پُر کر کے اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (07) دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر جمع کرائیں۔

میں/ہم، _____ ولد _____ ساکن _____ بطور رکن کوہاٹ ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ، رجسٹر فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر _____ کے مطابق _____ عمومی حصص کا حامل ہوں/ہیں، اور بذریعہ ہذا _____ میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنے کا انتخاب کرتا/کرتے ہیں۔

_____
دستخط رکن

11. ایس ای سی پی کے ایس آر او نمبر 452 مورخہ 17 مارچ 2025 کے مطابق اجلاس عام میں کوئی تحائف تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)166 کے تحت آزاد ڈائریکٹران کی تقرری کے بارے میں بیانیہ

آزاد ڈائریکٹران کا انتخاب اسی طریقہ کار کے مطابق کیا جائے گا جس کے تحت دیگر ڈائریکٹران کا انتخاب کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 159 کی دفعات کے مطابق کیا جاتا ہے۔ اس امر کو یقینی بنایا جائے گا کہ آزاد ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب میں حصہ لینے والے افراد کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 166 کے تحت مقررہ معیار پر پورا اترتے ہوں اور مطلوبہ صلاحیت، مہارت، علم اور تجربہ رکھتے ہوں۔ مذکورہ بالا امور میں کسی بھی ڈائریکٹر کا بلاواسطہ یا بالواسطہ کوئی ذاتی مفاد نہیں ہے، ماسوائے اس کے کہ وہ ڈائریکٹران کے انتخاب کے لیے اپنی رضامندی دے سکتے ہیں۔